آپ کے آن لائن ویزا درخواست مکمل کرنے کے لئے رہنمائی

اس دستاویز کا مقصد آن لائن ویزا درخواست کی تکمیل میں آپ کی معاونت کرنا ہے۔

آن لائن ویزا درخواست کی سہولت صرف انگریزی زبان میں دستیاب ہے اور تمام سوالات کا جواب انگریزی میں ہی دینا لازم ہے۔

تاہم یہ رہنما دستاویز عربی، چینی، فرانسیسی، ہندی، روسی، ترک اور اردو زبانوں میں حاصل کی جا سکتی ہے۔

آغاز سے قبل

آن لائن ویزا درخواست مکمل کرنے سے پہلے آپ کو چاہیے کہ آئرش نیچرلائزیشن اینڈ امیگریشن سروسز کی ویب سائٹ www.inis.gov.ie پر موجود ویزوں کے بارے میں دستیاب تمام معلومات کا مطالعہ کریں۔
'Apply for a Visa' کے صفحات پر آپ کو ان مختلف ویزوں کے بارے میں معلومات ملیں گی جن کے لیے آپ درخواست دے سکتے ہیں اور درخواست دینے کے طریقہ کار سمیت ان دستاویزات کے بارے میں بتایا گیا ہو گا جنہیں آپ اپنی درخواست کے ساتھ جمع کرانے پر غور کریں گے۔

وہ معاونتی دستاویزات جن کو آپ جمع کرانے کے لئے منتخب کریں گے اس لیے اہم ہیں کہ ان کے ذریعے اس ملک میں آپ کے ذاتی حالات کے بارے میں علم ہوتا ہے جہاں سے آپ درخواست دے رہے ہیں ۔ ممکن ہے ویزا افسر آپ کی جمع کردہ دستاویزات کی بنیاد پر ہی آپ کے ویزا کے متعلق فیصلہ کرے۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ ویزا افسر کو مطمئن کرنا آپ کی ذمہ داری ہے کہ وہ آپ کو مطلوبہ مقصد کے لیے ویزا جاری کرے۔

تمام معاونتی دستاویزات انگریزی میں ہونے چاہئیں یا ان کا مکمل ترجمہ ہمراہ دیا جائے۔ ہر ترجمہ دستاویز کے ہمراہ مندرجہ ذیل کا ہونا لازم ہے:

- مترجم کی تصدیق کہ یہ اصل دستاویز کا مکمل ترجمہ ہے،
- ترجمہ کی تاریخ،
- مترجم کا مکمل نام اور پتہ، اور
- مترجم کی رابطہ کی تفصیلات۔

کسی کاروباری ادارے، کمپنی یا دیگر تنظیم کی طرف سے جمع کرائی گئی چٹھیاں منظور شدہ لیٹر ہیڈ پر ہوں جس پر ادارے سے رابطے کی مکمل تفصیلات ہوں جن کی تصدیق کی جا سکے۔ اس میں ڈاک کا پتہ، رابطہ فرد کا نام، ادارے میں عہدے کا نام، ٹیلی فون نمبر (لینڈ لائن)، ویب سائٹ، اور ای میل ایڈریس (Yahoo یا Hotmail جیسے ای میل ایڈریس قابل قبول نہیں ہوں گے)۔

ویزا افسر ہر درخواست کا فیصلہ میرٹ پر کرتا ہے اور مزید معلومات یا دستاویزات بھی طلب کر سکتا ہے۔ اگر آپ کی درخواست کا فیصلہ ابو ظہبی، ابوجہ، بیجنگ ، لندن، ماسکو یا نئی دہلی میں موجود آئرش نیچرلائزیشن اینڈ امیگریشن سروس کے بیرون ملک دفاتر میں سے کسی ایک میں کیا جانا ہو تو بہتر ہو گا کہ آپ ان کی ویب سائٹس بھی دیکھ لیں کہ یہ مزید کوئی دستاویز تو طلب نہیں کرتے۔ رابطے کی تفصیلات www.dfa.ie پر 'Services to the Public' کے حصے میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

براہ مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس تمام مطلوبہ معاونتی دستاویزات جمع کرانے کے لیے آن لائن درخواست جمع کرانے سے پہلے موجود ہیں۔

غلط، دھوکہ دہی پر مبنی یا گمراہ کن معلومات یا دستاویزات جمع کرانا

اگر آپ نے کوئی بھی غلط یا گمراہ کن معلومات فراہم کیں، یا اپنی درخواست کے ہمراہ جعلی معاونتی دستاویز جمع کرائیں تو آپ کی درخواست مسترد کی جا سکتی ہے اور آپ کو اس کے خلاف اپیل کا حق بھی نہیں دیا جائے گا۔ اس کے نتیجے میں آپ پر اگلے 5 سال کے لیے آئرلینڈ کے ویزا کے لیے نا اہل بھی قرار دیا جا سکتا ہے۔

<u>پاسپورٹ کی تصاویر</u>

آپ کو اپنی درخواست کے ہمراہ 2 تازہ ترین پاسپورٹ سائز تصاویر بھی جمع کرانی ہیں۔ ان تصاویر میں مندرجہ ذیل خصوصیات لازمی ہیں:

- 6 ماہ سے پرانی نہ ہوں
- کم از کم سائز 35mm x 45mm، زیادہ سے زیادہ سائز 38mm x 50mm
- فوٹو گرافک کاغذ پر پرنٹ ہوں
- صاف اور واضح ہوں اور پس منظر سفید یا ہلکا سرمئی ہو
- سامنے کا پوز جس میں آپ کا چہرہ واضح اور نظریں کیمرے پر ہوں۔ تصویر کا 70-80 فیصد چہرے پر مشتمل ہو۔ چہرے پر کسی قسم کے تاثرات نہ ہوں، دونوں آنکھیں کھلی اور منہ بند ہو۔ آنکھوں کے کوئی بال نہیں ہونے چاہییں۔
- صرف مذہبی مقاصد کے لیے سر ڈھانپنے والی اشیاء کی اجازت ہے۔ بالوں کے بینڈ کی اجازت نہیں
- دھوپ چشمے بھی قابل قبول نہیں۔ اگر چشمہ پہننا ضروری ہو تو یہ صاف شیشے کا ہو جس میں سے آنکھیں نظر آئیں۔

<u>علیحدہ ویزا لازمی ہے</u>

جو کوئی بھی آئرلینڈ آنے کا خواہشمند ہو، اسے اپنا ویزا درکار ہو گا۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ افراد جو آپ کے زیر کفالت ہیں اور آپ کے پاسپورٹ پر شامل ہیں ان کے لئے بھی الگ ویزا ضروری ہے۔ لہذا، آپ کو آئرلینڈ آنے کے خواہشمند ہر فرد کے ویزا کی علیحدہ درخواست جمع کرانا ہو گی۔ ہر درخواست کے لیے ویزا فیس بھی ادا کرنا ہو گی۔

<u>بائیومیٹرک معلومات</u>

ممکن ہے درخواست کے حصے کے طور پر آپ کو اپنے متعلق بائیو میٹرک معلومات بھی جمع کرانے کی ضرورت پڑے جیسا کہ انگلیوں کے نشان اور چہرے کی براہ راست تصویر اتارنا (دوسرے لفظوں میں ڈیجیٹل تصویر)۔ اگر یہ شرط آپ پر لاگو ہوئی تو آن لائن درخواست جمع کراتے ہوئے آپ کو مطلع کر دیا جائے گا۔

اگر آپ کے لیے بائیومیٹرک معلومات جمع کرانا لازم ہوا لیکن آن لائن درخواست کے دوران آپ نے خود کو اس سے مستثنیٰ ٹھہرایا تو اس کے نتیجے میں آپ کی درخواست مسترد ہو سکتی ہے جس کے خلاف آپ کو اپیل کا حق نہیں دیا جائے گا اور ممکن ہے آپ کو پانچ سال کے لیے آئرلینڈ کے ویزا کے لیے نا اہل قرار دے دیا جائے۔

آن لائن ویزا درخواست کی سہولت گاہ میں داخلہ

آن لائن ویزا درخواست کی سہولت گاہ میں داخل ہونے پر آپ کو تصدیق کرنا ہو گی کہ آپ نے ہماری ویب سائٹ www.inis.gov.ie پر موجود ویزوں کے بارے میں تمام معلومات، ہماری شرائط و ضوابط اور پرائیویسی پالیسی سمیت ڈیٹا کی حفاظت کے متعلق فرائض کی تفصیلات کا مطالعہ کر لیا ہے۔

یہ سہولت صرف انگریزی زبان میں دستیاب ہے اور تمام سوالات کے جواب انگریزی میں دینا لازم ہے۔ بعض خانوں کے لیے امدادی مشورے دستیاب ہیں جن میں بتایا گیا ہے کہ کون سی معلومات درکار ہیں۔

اگر آپ نے تمام مطلوبہ رہنما معلومات اور دستاویزات کا مطالعہ کر لیا ہے اور دئیے گئے خانے میں نشان لگا کر اس کی تصدیق کر دی ہے تو آپ اپنی درخواست کا عمل شروع کرنے کے لیے تیار ہیں۔

ویزا کی قسم

• پہلا سوال جو آپ سے کیا جائے گا یہ ہے کہ آپ کون سے ویزا کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں - مختصر قیام (C) یا طویل قیام (D)۔
اگر آپ آئرلینڈ میں 3 ماہ سے کم عرصے کے لیے قیام کا ارادہ رکھتے ہیں تو مختصر قیام کے ویزا 'C' کا انتخاب کریں۔
مختصر قیام کا ویزا ان مقاصد کے لیے جاری کیا جاتا ہے جیسا کہ سیر و سیاحت (بشمول مختصر مطالعاتی کورس)، اہل خانہ یا دوستوں سے ملاقات، کاروبار، کانفرنس/تقریب میں شرکت، کسی پرفارمنس/ٹورنامنٹ میں حصہ لینا، شادی کرنا یا کسی سول معاہدے میں شامل ہونا، مختصر مدتی ملازمت جس کی اجازت Atypical Working Scheme کے تحت دی گئی ہو، علاج معالجہ، امتحان میں شرکت، بلامعاوضہ انٹرن شپ میں شمولیت، کسی قسم کے تربیتی کورس میں حصہ لینا، اپنے ملک یا منزل کی طرف جاتے ہوئے کسی آئرش بندرگاہ سے گزرنا

اگر آپ 3 ماہ سے زائد عرصے کے لیے آئرلینڈ آنے کے خواہشمند ہیں جیسا کہ تعلیمی کورس میں شمولیت کے لیے، طویل مدتی ملازمت یا آئرلینڈ میں پہلے سے رہائش پذیر اہل خانہ کے ساتھ مستقل آباد ہونا، تو آپ سنگل انٹری کے لیے طویل قیام 'D' ویزا کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

واحد یا زائد از ایک سفر

- آپ سے اگلا سوال سفر کی نوعیت ('Journey Type') کے بارے میں ہو گا - کہ آیا یہ ایک ہی سفر ہے یا آپ بار بار آئیں گے۔

واحد سفر کا ویزا آپ کو اعتبار کے ان تاریخوں کے اندر جو ویزا کے اندر دئے گئے ہیں صرف ایک ہی مرتبہ آئرلینڈ میں داخل ہونے کی اجازت دے گا۔

زائد از ایک سفر کا ویزا آپ کو اعتبار کے ان تاریخوں کے اندر جو ویزا کے اندر دئے گئے ہیں کئی مرتبہ آئرلینڈ میں داخل ہونے کی اجازت دے گا۔

اگر آپ مختصر قیام کے ویزا 'C' کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو واحد یا زائد از ایک داخلے کے ویزے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ زائد از ایک سفر کے ویزا کے لیے درخواست دیں لیکن آپ کو واحد سفر کا ویزا جاری کیا جائے تو ویزا فیس کی وہ رقم جو مختلف ہو آپ کو کسی بھی حالت میں واپس نہیں کی جائے گی۔

اگر آپ طویل قیام 'D' ویزا کے لیے درخواست دے رہے ہیں، یعنی 3 ماہ سے زائد عرصے کے لیے آئرلینڈ میں قیام، جیسا تعلیم یا ملازمت یا آئرلینڈ میں پہلے سے مقیم کسی رشتہ دار کے ساتھ رہنا تو آپ کو واحد داخلہ، طویل قیام کے ویزا کے لیے درخواست دینا چاہئیں۔

مختصر قیام زائد از ایک داخلہ کے ویزا پر اثر انداز ہونے والے پالیسی کے نکات

زائد از ایک داخلے کے ویزا بالعموم ایسے درخواست دہندہ کو ہی جاری کیے جاتے ہیں جس نے ماضی میں تمام قواعدوضوابط کی پابندی کرتے ہوئے سفر کیے ہوں۔

اگر آپ کو ماضی میں 2 مرتبہ آئرلینڈ کا ویزا دیا گیا اور آپ نے ان ویزوں کے تمام قواعد کی پاسداری کی (جیسا کہ مدت سے زیادہ قیام نہیں کیا یا غیر قانونی طور پر ملازمت نہیں کی) تو آپ زائد از ایک سفر کے ویزا کی درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ نے ماضی میں آئرلینڈ کا سفر نہیں کیا تو زائد از ایک داخلے کا ویزا بعض مخصوص صورتحال میں جاری کیا جا سکتا ہے، مثال کے طور پر اگر:

- اگر آپ نے کاروباری ملاقاتوں کی غرض سے مختصر قیام کے لیے باقاعدہ سے آئرلینڈ آنا ہو۔ آپ کو اپنے آجر اور آئرلینڈ کی اس کمپنی (جہاں لاگو ہو) کی جانب سے ثبوت جمع کرانا ہوں گے جس کے ساتھ آپ کاروبار میں ملوث ہوں۔
- کاروبار کی غرض سے آئرلینڈ میں قیام کے دوران آپ کو کسی دوسرے ملک میں جانا ہو، اور پھر مزید ملاقاتوں کے لیے دوبارہ آئرلینڈ آنا ہو، یا آگے سفر پر نکلنا ہو، یا
- آپ براستہ آئرلینڈ کسی دوسرے ملک جا یا وہاں سے آ رہے ہوں۔

ہر اس شخص کو جسے طویل قیام کا ویزا (D) جاری کیا گیا ہو اور وہ 90 روز سے زائد عرصے کے لیے آئرلینڈ میں قیام کا ارادہ رکھے، اس پر لازم ہے کہ ملک میں پہنچنے کے 90 روز کے اندر اپنا اندراج Garda National Immigration Bureau (GNIB) میں کرائے۔ (مزید معلومات کے لیے www.garda.ie ملاحظہ کریں)۔ جیسے ہی آپ کو Garda Registration Card جاری کر دیا جائے آپ ضرورت پڑنے پر زائد از ایک سفر دوبارہ داخلے کے ویزا کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے آپ www.inis.gov.ie پر Re-Entry Visas کے صفحات ملاحظہ کریں۔

اپنی آن لائن درخواست جاری رکھنا....

• اس کے بعد آپ کو اپنے سفر کا سبب منتخب کرنا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ بطور سیاح آئرلینڈ آنے کے خواہشمند ہیں تو 'Visit Tourist' کا انتخاب کریں اور اگر آپ رشتہ دار یا دوستوں سے ملاقات کی غرض سے آنا چاہیں تو 'Visit Family/Friends' کا انتخاب کریں۔

آپ یہاں جس آپشن کا انتخاب کریں گے، درخواست کے آنے والے حصوں میں اسی کے متعلق آپ سے سوالات کیے جائیں گے۔ لہٰذا نہایت اہم ہے کہ آپ دی گئی فہرست میں سے سوچ سمجھ کر انتخاب کریں۔
سفر کے لیے غیر صحیح سبب منتخب کرنے پر ممکن ہے آپ کی درخواست واپس کر کے نئی درخواست جمع کرانے کا کہا جائے۔

• اگر آپ جس غرض سے سفر کرنے کے خواہشمند ہیں، وہ فہرست میں موجود نہیں تو 'Other' کا انتخاب کریں۔

• اس کے بعد 'Purpose of Travel' کے خانے میں سفر کا درست سبب بیان کریں۔ اس خانے میں آپ اپنے منتخب کردہ کسی دوسرے آپشن کے بارے میں بھی اضافی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

• اس کے بعد آپ کو انتخاب کرنا ہے کہ آپ کے پاس کس قسم کا پاسپورٹ ہے اور اس کا نمبر کیا ہے (بیشتر لوگوں کے پاس قومی پاسپورٹ ہوتا ہے)

• اب اپنے آئرلینڈ میں پہنچنے اور یہاں سے رخصتی کی ممکنہ تاریخیں درج کریں۔ اگر آپ طویل قیام کے لیے ویزا کی درخواست دے رہے ہیں تو ممکن ہے آپ نے روانگی کی تاریخ طے نہ کی ہو، ایسے میں 'To' کا خانہ خالی چھوڑ دیں۔ مختصر قیام کے ویزا کے حامل افراد اس خانے میں آئرلینڈ سے اپنی رخصتی کی ممکنہ تاریخ درج کریں۔

• اگلی سکرین پر جانے کے لیے 'Save and Continue' کے بٹن پر کلک کریں۔

• اگر آپ نے کوئی لازمی خانہ خالی چھوڑ دیا تو سکرین کے بالائی حصے میں سرخ رنگ کا ایک پیغام نمودار ہو جائے گا۔ آپ کو سکرین میں نیچے جا کر دیکھنا ہو گا کہ کونسا خانہ باقی رہ گیا ہے۔

• اس کے بعد آپ کو اپنا پہلا، دوسرا اور نام کا کوئی بھی اگلا حصہ (جیسا کہ پیدائش کے وقت کا نام) درج کرنا ہے۔

• تاریخ پیدائش اس ترتیب سے لکھیں دن-مہینہ-سال - مثال 07091982 - 7 ستمبر 1982

• متعلقہ خانے پر کلک کر کے اپنی جنس منتخب کریں۔

• آگے، دی گئی فہرست سے پیدائش کا ملک متنخب کریں۔

• اسی طرح اپنے قومی وطن کا انتخاب کریں۔ قومیت کے حوالے سے یاد رکھیں کہ آپ کو اس ملک کا انتخاب کرنا ہے جس کا پاسپورٹ آپ کے پاس ہے۔ اگر آپ کے پاس دوہری شہریت ہے تو جس پاسپورٹ کے ذریعے آپ سفر کا ارادہ رکھتے ہوں، اس پر درج ملک کا نام منتخب کریں۔

• موجودہ مقام میں اس ملک کا انتخاب کریں جہاں آپ فی الوقت موجود ہوں۔

• مکمل پتے کی ضرورت ہو گی (پوسٹ آفس باکس کا پتہ ناکافی ہو گا)۔ یہاں صرف آپ کا موجودہ پتہ درکار ہے اور آپ 4 سطریں استعمال کر سکتے ہیں۔

• براہ مہربانی اپنا ای میل ایڈریس اور ٹیلی فون نمبر بھی درج کریں تاکہ ویزا افسر اوقات کار کے دوران آپ سے رابطہ کرسکے۔

• 'Save and Continue' بٹن پر کلک کریں۔ اس کے بعد آپ کو ایک منفرد ٹرانزیکشن نمبر دیا جائے گا۔ یہ نمبر ملنے کے بعد آپ اپنی درخواست کو محفوظ کر سکتے ہیں، کسی بھی مرحلے پر درخواست پُر کرنے کا عمل روک کر 30 روز کے اندر اسی مقام سے دوبارہ شروع کر سکتے ہیں۔

• آپ سکرین کے بائیں جانب دئیے گئے 'Retrieve Application' آپشن کو استعمال کرتے ہوئے 30 روز کے اندر کسی بھی وقت اپنی درخواست دوبارہ واپس لا سکتے ہیں۔ آپ کو اپنا ٹرانزیکشن نمبر، پاسپورٹ نمبر، قومی ملک اور تاریخ پیدائش درج کرنا ہو گی۔

اگرچہ آپ سے پوچھے جانے والے باقی ماندہ سوالات کا انحصار آپ کے سفر کے مقصد پر ہو گا، تاہم عمومی طور پر ان کا تعلق آپ کے امیگریشن ماضی، آپ کے موجودہ پیشے (اگر کوئی ہے)، آئرلینڈ میں آپ کے میزبان/اہل خانہ کی تفصیلات، آپ کی ذاتی حیثیت اور خاندان کے متعلق تفصیلات سے ہو گا۔

متعدد سوالات کے جواب آپ کو 'ہاں' یا 'نہیں' میں دینا ہوں گے۔ ان میں سے ایک آپشن کو منتخب کرنے کے بعد آپ کے سامنے مزید سوالات اس وقت تک نمودار نہیں ہوں گے جب تک کہ متعلقہ ڈبے پر نشان نہ لگا دیں۔ لہٰذا، بہت اہم ہے کہ آپ

ہمیشہ درست جواب کا انتخاب کریں؛ بصورت دیگر ممکن ہے آپ اہم معلومات شامل نہ کریں جس کے باعث آپ کی درخواست کے مراحل میں تاخیر ہو سکتی ہے، حتیٰ کہ اسے مسترد بھی کیا جا سکتا ہے۔

بعض خانے پُر کرنا لازمی ہے اور ان میں مطلوبہ معلومات داخل کیے بغیر آپ درخواست کو آگے نہیں بڑھا پائیں گے۔
اس کے بعد ایک تفصیلی دستاویز دی گئی ہے جو آپ کی باقی ماندہ آن لائن ویزا درخواست کو مکمل کرنے میں رہنمائی کرے گی، اور یہ درخواست میں دی گئی بیشتر کیٹگریز کا احاطہ کرتی ہے۔

عمومی معلومات

- آپ فی الوقت جس ملک میں مقیم ہیں وہاں اپنی رہائش کے سال اور مہینوں کی تعداد بتائیں اور یہ کہ آئرلینڈ سے واپسی کے بعد آپ کو داخل ہونے کی اجازت ہو گی یا نہیں

- اگر آپ کسی ایسے ملک سے درخواست دے رہے ہیں جہاں سے آئرلینڈ کی ویزا درخواست کے لیے بائیو میٹرک معلومات (انگلیوں کے نشان اور ڈیجیٹل تصویر) جمع کرانا لازم ہو تو آپ سے اگلا سوال یہی پوچھا جائے گا کہ 'کیا آپ بائیومیٹرک معلومات فراہم کرنے کی شرط سے مستثنیٰ ہیں؟' اس سوال کا جواب آپ کو 'ہاں' یا 'نہیں' میں دینا ہو گا۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ جواب دینے سے قبل 'بائیومیٹرک استثنیٰ کی چیک لسٹ' پر کلک کریں۔ اگر آپ نے جواب میں "ہاں" کہا تو آپ کو استثنیٰ کی قسم کا انتخاب کرنا ہو گا ۔ "5 سال سے کم عمر" یا "دیگر"۔ "دیگر" منتخب کرنے کی صورت میں آپ کو وجہ بیان کرنا ہو گی۔

آپ کی معلومات کے لیے "بائیو میٹرک استثنیٰ کی چیک لسٹ" کا متن نیچے دیا جا رہا ہے۔

بائیو میٹرک استثنیٰ کی چیک لسٹ کا متن

انتباہ

اگر آپ نے غلط طور پر خود کو بائیو میٹرک سے مستثنیٰ قرار دیا تو ممکن ہے کہ:

- آپ کی درخواست مسترد کر دی جائے اور اس کے خلاف اپیل کا حق چھین لیا جائے، اور
- اگلے پانچ سال کے لیے آپ درخواست دینے کے نا اہل قرار پا جائیں۔

براہ مہربانی ان معلومات کا بغور مطالعہ کریں اور دیکھیں کہ آپ کو بائیو میٹرک فراہم کرنے سے استثنیٰ حاصل ہے یا نہیں۔

ویزا درخواست کے حوالے سے بائیو میٹرک پالیسی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Irish Naturalisation and Immigration Service کی ویب سائٹ www.inis.gov.ie پر موجود ویزا کے متعلق صفحات سے رجوع کریں۔

1. "بائیو میٹرک فراہم کرنے کی شرط سے مستثنیٰ" کا مطلب

اگر ذیل میں مندرج استثنیٰ میں سے کوئی ایک بھی آپ پر لاگو ہوتا ہو تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ انگلیوں کے نشانات اور چہرے کی براہ راست تصویر جمع کرانے کی ضرورت نہیں۔

2. استثنیٰ

مندرجہ ذیل درخواست دہندگان بائیومیٹرک سے مستثنیٰ ہیں۔

عمر

a. بچے جن کی عمر آن لائن درخواست جمع کرانے کے دن 5 سال سے کم ہو مستثنیٰ ہیں۔

حیثیت/درجہ

b. سربراہان مملکت اور ان کے خاندان کے افراد جن پر ان کا گھرانہ مشتمل ہو چاہے وہ سرکاری طور پر سفر کریں یا نجی؛ اور ان کے ذاتی ملازم اور سرکاری افسران جو ان کے ہمراہ ہوں۔ ان کے گھرانے کے افراد بشمول شریک حیات/ساتھی/بچے جن کی عمریں 18 سال سے کم ہوں۔

c. ان ریاستوں کے سربراہان مملکت اور حکومتی وزرا جن کو آئرلینڈ نے تسلیم کیا ہو، ان کے اہل خانہ جن پر ان کا گھرانہ مشتمل ہو، اور کسی سرکاری غرض سے ریاست کا سفر کرنے والے وفد میں شامل عہدیدار۔ ان کے گھرانے کے افراد بشمول شریک حیات/ساتھی/بچے جن کی عمریں 18 سال سے کم ہوں۔

d. سفارتی عملہ، انتظامی، تکنیکی اور سروس عملہ اور کیریئر کونسلر افسران اور ان کے اہل خانہ جن پر ان کا گھرانہ مشتمل ہو اور جو آئرلینڈ سے منسلک ہوں۔ ان کے گھرانے کے افراد بشمول شریک حیات/ساتھی/بچے جن کی عمریں 18 سال سے کم ہوں/25 سال کی عمر تک کے زیر کفالت بچے جو کُل وقتی تعلیم میں مشغول ہوں۔

e. وہ سفارتی عملہ جو اس ملک سے، جہاں اسے تعینات کیا گیا ہو، جاتے یا اس میں آتے ہوئے اس ریاست سے گزر رہے ہوں ۔ ان کے اہل خانہ، جن پر ان کا گھرانہ مشتمل ہو۔ ان کے گھرانے کے افراد بشمول شریک حیات/ساتھی/بچے جن کی عمریں 18 سال سے کم ہوں۔

f. سفارتی مال بردار جو ریاست میں داخل ہو رہے ہوں/یا ریاست میں سے گزر رہے ہوں۔

g. کسی سرکاری جماعت یا حکومتی وزرا یا مساوی عہدے کے افراد کے وفد کے ساتھ اپنی سرکاری حیثیت میں ریاست میں آنے والے سفارت کار مستثنیٰ ہیں جہاں ان کی درخواست کے ہمراہ بھیجنے والے کی طرف سے ایک غیر رسمی نوٹ (یعنی کہ متعلقہ سرکاری محکمہ دورے کی نوعیت اور مقصد بیان کرے اور بتائے کہ وفد میں کون کون شامل ہے) اور آئرلینڈ کے متعلقہ محکمے کی طرف سے بھیجا گیا دعوت نامہ شامل ہو۔

نوٹ: اپنی حکومت کی طرف سے آئرلینڈ کا دورہ کرنے والے سرکاری پاسپورٹ رکھنے والے افراد بائیو میٹرک فراہ کرنے سے مستثنیٰ نہیں ہوں گے (تاوقتیکہ وہ استثنیٰ کے اہل نہ ہوں)۔

h. بین الحکومتی تنظیمیں اور ان کے وہ عہدیدار جو آئرلینڈ میں مقیم ہوں اور جنہیں بیرون ملک بھرتی کیا گیا ہو، اور بین الحکومتی تنظیموں کے عہدیدار جو اپنی تنظیم کی طرف سے سرکاری حیثیت میں آئرلینڈ کے دورے پر آئیں جہاں ان کی درخواست کے ہمراہ بین الحکومتی تنظیم کی طرف سے ایک نوٹ شامل ہو جس میں ان کے دورے کی نوعیت اور مقصد بیان کیا جائے اور آئرلینڈ میں متعلقہ تنظیم کی طرف سے بھیجا گیا دعوت نامہ شامل ہو، بھی بائیو میٹرک فراہم کرنے سے مستثنیٰ ہیں۔ ان کے اہل خانہ، جن پر ان کا گھرانہ مشتمل ہو۔ ان کے گھرانے کے افراد بشمول شریک حیات/ساتھی/بچے جن کی عمریں 18 سال سے کم ہوں۔ بین الحکومتی تنظیم کی سرکاری پارٹی یا وفد میں شامل دیگر افراد مثلا سرکاری ملازمین، سیکرٹری اور ترجمان بھی مستثنیٰ ہیں۔

نوٹ: "بین الحکومتی تنظیم" سے مراد وہ ادارے ہیں جو بنیادی طور پر رکن ریاستوں پر مشتمل ہوں۔ مثالوں میں شامل ہیں کونسل آف یورپ (CoE)، یورپین یونین (EU)، انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (IMF)، انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO)، تنظیم برائے اقتصادی تعاون و ترقی (OECD)، تنظیم برائے تحفظ و تعاون یورپ (OSCE)، اقوام متحدہ (UN)، ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (WTO)۔

i. فضائی کمپنی کا عملہ جو جہاز کے عملے کی حیثیت سے پہنچتے ہیں اور جو اسی جہاز کسی دوسرے جہاز میں 7 روز کے اندر واپس جانے کے پابند ہوں، بھی بائیو میٹرک جمع کرانے سے مستثنیٰ ہوں گے۔

نوٹ: زیادہ سے زیادہ 24 گھنٹے کے اندر روانہ ہو جانے والے فضائی عملے کو ویزا کی ضرورت نہیں ہوتی (بشرطیکہ وہ کسی ایسی ریاست کے شہری نہ ہوں جن کے لیے ٹرانزٹ لازم ہے)۔

ایسے افراد جن کے لیے جسمانی طور پر بائیومیٹرک کی فراہمی ناممکن ہو

j. ایسے درخواست گزار جن کے لیے جسمانی طور پر بائیو میٹرک جمع کرانا ممکن نہ ہو (مثلا ایمرجنسی سٹریچر پر موجود) مستثنیٰ ہیں۔

نوٹ: 1 انگلی یا کوئی بھی انگلی نہ رکھنے والے افراد انگلیوں کے نشان دینے سے مستثنیٰ ہیں۔ تاہم، انہیں چہرے کی براہ راست تصویر دینا ہو گی، لہذا وہ بائیو میٹرک سے مستثنیٰ نہیں۔

• اگلا سوال پوچھا جائے گا کہ آیا آپ نے پہلے کبھی آئرلینڈ کے ویزا کے لیے درخواست دی ہے یا کیا کبھی آپ کو ویزا جاری کیا گیا ہے یا نہیں

• اگر آپ کو ماضی میں آئرلینڈ کا ویزا جاری کیا گیا تھا تو آپ کو آئرلینڈ کے اس سفارت خانے/قونصل خانے/ویزا دفتر کا مقام بتانا ہو گا جہاں اُپ نے درخواست دی تھی یا وہ حوالہ نمبر بتانا ہو گا جو آپ کو اس وقت جاری کیا گیا

• اس کے بعد آپ کو بتانا ہو گا کہ آیا آپ کو آئرلینڈ کا ویزا دینے سے انکار کیا گیا یا نہیں۔ اگر ایسا ہوا تھا تو آپ کو آئرلینڈ کے اس سفارت خانے/قونصل خانے/ویزا دفتر کا مقام بتانا ہو گا جہاں اُپ نے درخواست دی تھی یا وہ حوالہ نمبر بتانا ہو گا جو آپ کو اس وقت جاری کیا گیا

• اگلا سوال آپ سے پوچھا جائے گا کہ آیا آپ اس سے پہلے کبھی آئرلینڈ گئے ہیں یا نہیں۔ اگر آپ ماضی میں کبھی بھی کسی طریقے سے بھی آئرلیںڈ میں داخل ہوئے تھے، قانونی یا غیر قانونی طور پر، تو آپ کو اس کا جواب 'ہاں' میں دینا ہو گا

• اس سوال کا جواب 'ہاں' میں دینے کی صورت میں مزید سوالات نمودار ہوں گے۔ آپ سے اس دورے کا مقصد معلوم کیا جائے گا اور وہ حوالہ نمبر فراہم کرنے کو کہا جائے گا جو اس وقت آپ کو جاری کیا گیا ۔ مثلا محکمہ انصاف کا حوالہ نمبر، Garda National Immigration Bureau Number، پرسنل پبلک سروس (PPS) نمبر۔ اگر آپ نے آئر لینڈ میں مختصر قیام کیا تھا تو عین ممکن ہے کہ آپ کو یہ نمبر جاری نہیں کیے گئے ہوں گے، لہذا یہ خانے خالی چھوڑ دیں۔

• اگلے سوال میں پوچھا جائے گا کہ آیا آئرلینڈ میں آپ کا کوئی اہل خانہ مقیم ہے یا نہیں ۔ اس میں دور کے رشتہ دار جیسا کہ خالائیں/چچا، ماموں/کزن/پوتے پوتیاں، نواسے نواسیاں/دادھیال یا ننھیال/سسرال بھی شامل ہیں

• اس سوال کا جواب 'ہاں' میں دینے کی صورت میں مزید سوال نمودار ہوں گے اور ان میں کسی ایک رشتہ دار کا نام، تاریخ پیدائش، آپ سے رشتہ اور محکمہ انصاف کا حوالہ نمبر طلب کیا جائے گا۔ آپ کو چاہیے کہ یہاں آئر لیںڈ میں مقیم اپنے اہم ترین رشتہ دار کی تفصیلات دیں۔ اگر آپ کے ایک سے زائد رشتہ دار آئرلینڈ میں مقیم ہیں تو ایک علیحدہ صفحے پر ان کی فہرست بنائیں اور درخواست کے ہمراہ معاونتی دستاویز کے طور پر پیش کریں۔

• محکمہ انصاف کا حوالہ نمبر تمام غیر EEA/سوئس قومیت والوں کو جاری کیا جاتا ہے جو آئرلینڈ میں رہائش پذیر ہوں۔ یہ نمبر ان کے (GNIB) Garda کے رجسٹریشن کارڈ پر دیکھا جا سکتا ہے۔

• آپ سے پوچھا جائے گا کہ آیا کبھی آپ کو ویزا دینے سے انکار کیا گیا یا نہیں۔ کیا آپ آئرلینڈ کی کسی بندرگاہ پر پہنچے تھے اور وہاں امیگریشن افسر نے آپ کو داخلے سے روک دیا تھا، قطع نظر اس کے کہ آپ کے پاس ویزا تھا یا نہیں؟

• کیا آپ کو کبھی آئرلینڈ سے بے دخل کیا گیا یا ایسی اطلاع دی گئی ہو کہ آپ کو بے دخل کیا جا رہا ہے؟

• کیا آئرلینڈ کے علاوہ آپ کو کسی دوسرے ملک نے ویزا دینے سے انکار کیا؟

• کیا آئرلینڈ کے علاوہ کسی دوسرے ملک نے آپ کو اپنی حدود میں داخل نہ ہونے دیا، ملک بدر کر دیا گیا ہو یا چلے جانے کو کہا ہو؟

اگر آپ نے ان میں سے کسی بھی سوال کا جواب 'ہاں' میں دیا تو دئیے گئے خانے میں آپ کو اس کی تفصیلات درج کا کہا جائے بشمول متعلقہ ملک کا نام، تاریخیں اور سبب۔

اگر آپ نے ان میں سے کسی بھی سوال کا جواب 'نہیں' میں دیا اور بعد میں انکشاف ہوا کہ یہ جواب درست نہیں تھا تو آپ کی ویزا درخواست مسترد کر دی جائے گی۔

• اس حصے کے آخری سوال میں یہ پوچھا جائے گا کہ آیا کسی جرم میں آپ کو مجرم تو نہیں ٹھہرایا گیا۔ اگر آپ نے جواب 'ہاں' میں دیا تو آپ مزید سوالات کیے جائیں گے کہ مجرم قرار دئیے جانے کی کیا وجہ تھی، ایسا کب اور کہاں ہوا اور آپ کو کتنی لمبی سزا ملی۔

'Save and Continue' بٹن پر کلک کریں۔

• اگر آپ نے کوئی لازمی خانہ خالی چھوڑ دیا تو سکرین کے بالائی حصے میں سرخ رنگ کا ایک پیغام نمودار ہو جائے گا۔ آپ کو سکرین میں نیچے جا کر دیکھنا ہو گا کہ کونسا خانہ باقی رہ گیا ہے۔

پاسپورٹ کی تفصیلات

• آپ کو بیان کرنا ہو گا کہ آپ کا پاسپورٹ اور سفری دستاویزات کہاں سے جاری کی گئیں اور ان کے جاری کرنے اور ختم کرنے کی تاریخ بتانا ہو گی۔

• اگر یہ آپ کا پہلا پاسپورٹ نہیں ہے تو آپ کو اگلے سوال کا جواب 'نہیں' میں دینا ہو گا۔ اس کے بعد آپ سے گزشتہ پاسپورٹ کے بارے میں سوالات کیے جائیں گے ۔ یہاں بھی وہی تفصیلات درکار ہوں گی جن کی پہلے ضرورت تھی ۔ نمبر، جاری کرنے والا ادارہ، جاری کرنے اور ختم ہونے کی تاریخیں۔

ملازمت/کالج کی تفصیلات

• یہ حصہ آپ کے موجودہ ملک میں جاری ملازمت یا تعلیم کے بارے میں ہے۔ پہلے سوال میں پوچھا جائے گا کہ آیا آپ برسر روزگار ہیں ۔ جواب 'ہاں' میں ہونے کی صورت میں مزید سوالات نمودار ہوں گے جن میں آپ کے موجودہ آجر، ملازمت کی مدت، عہدہ، دفتر کا پتہ اور آپ کے آجر کا کاروباری ٹیلی فون نمبر اور ای میل ایڈریس طلب کیا جائے گا۔

• اگلے سوال میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ آیا آپ طالب علم ہیں ۔ جواب 'ہاں' میں ہونے کی صورت میں آپ سے سکول یا کالج کا نام، پتہ، فون نمبر اور ای میل ایڈریس طلب کیا جائے گا۔

• Save and Continue بٹن پر کلک کریں

• اگر آپ نے کوئی لازمی خانہ خالی چھوڑ دیا تو سکرین کے بالائی حصے میں سرخ رنگ کا ایک پیغام نمودار ہو جائے گا۔ آپ کو سکرین میں نیچے جا کر دیکھنا ہو گا کہ کونسا خانہ باقی رہ گیا ہے۔

دوسروں کے ساتھ سفر کرنا

• اگلے سوال میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ کسی دوسرے شخص کے ہمراہ سفر کریں گے ۔ کاروباری ساتھی، رشتہ دار یا کسی گروپ کا حصہ بن کر۔

• جواب 'ہاں' میں ہونے پر فرد (افراد) کا نام طلب کیے جائیں گے اور پوچھا جائے گا کہ آپ کا ان کے ساتھ کیا رشتہ ہے (اگر کوئی ہے)

• اگر آپ کسی گروپ کا حصہ بن کر سفر کر رہے ہیں تو اس گروپ کے لیڈر کا نام بتائیں۔

• Save and Continue بٹن پر کلک کریں

آئرلینڈ میں رابطہ/میزبان

• اگر آئرلینڈ میں آپ کا کوئی ذاتی رابطہ یا میزبان نہیں تو آپ کو اس مقام کا پتہ بتانا ہو گا جہاں آپ قیام کریں گے

• اگر آپ کسی کاروباری دورے، کانفرنس یا تقریب میں شرکت کی غرض سے جا رہے ہیں تو آئرلینڈ میں موجود اپنے میزبان/منتظم کا کاروباری پتہ اور ٹیلی فون نمبر بتانا ہو گا جہاں دن کے اوقات میں ان سے رابطہ کیا جا سکے

• اگر آپ آئرلینڈ کام یا تعلیم کی غرض سے آرہے ہیں تو آئرلینڈ میں موجودہ اپنے آجر/کالج کا کاروباری پتہ اور ٹیلی فون نمبر بتانا ہو گا جہاں دن کے اوقات میں ان سے رابطہ کیا جا سکے

• اگر آپ دوستوں/رشتہ داروں سے ملاقات کی غرض سے جا رہے ہیں تو ان کے مکان کا پتہ اور ٹیلی فون نمبر بتانا ہو گا جہاں دن کے اوقات میں ان سے رابطہ کیا جا سکے

• براہ مہربانی یہ بھی بتائیں کہ آیا آپ کا میزبان/رابطہ فرد ذاتی طور پر آپ کو جانتا ہے یا نہیں

• اگر آپ کا جواب 'ہاں' ہے تو ان کا پہلا اور دوسرا نام، قومیت، پیشہ، آپ کے ساتھ رشتہ اور ان کا محکمہ انصاف کا حوالہ نمبر (اگر وہ غیر EEA یا سوئس شہری ہیں) بتائیں

• اگر آپ کا جواب 'نہیں' ہے تو کمپنی/کالج/ادارے کے اس فرد کا پہلا اور دوسرا نام بتائیں جس کے ساتھ آپ رابطے میں ہیں

• Save and Continue بٹن پر کلک کریں

• اگر آپ نے کوئی لازمی خانہ خالی چھوڑ دیا تو سکرین کے بالائی حصے میں سرخ رنگ کا ایک پیغام نمودار ہو جائے گا۔ آپ کو سکرین میں نیچے جا کر دیکھنا ہو گا کہ کونسا خانہ باقی رہ گیا ہے۔

آپ کے اہل خانہ

• براہ مہربانی نیچے گرنے والے مینیو سے انتخاب کریں کہ آپ غیر شادی شدہ ہیں، شادی شدہ/سول رشتہ داری میں، بیوہ/رنڈوا، طلاق یافتہ، علیحدہ ہیں یا ڈی فیکٹو ساتھی ہیں۔

• اگر آپ کا کوئی شریک حیات یا ساتھی ہے تو اس کا پہلے اور دوسرے نام کے ساتھ کوئی بھی تیسرا نام (اگر کوئی ہے، جیسا کہ پیدائش کے وقت کا نام) اور تاریخ پیدائش بتائیں

• ان کا پاسپورٹ نمبر، اور یہ بتائیں کہ وہ بھی آپ کے ساتھ سفر کریں گے یا نہیں

• اگر وہ آپ کے ساتھ سفر کرنے والے ہیں تو ان کے پاس اپنا پاسپورٹ ہے یا آپ کے پاسپورٹ ہی سفر کریں گے؟ اگر وہ آپ کے ساتھ ہمراہ سفر کرنے والے ہیں تو اس کے لیے ایک علیحدہ درخواست اور فیس دینا ہو گی

• انتخاب کریں کہ آپ کے شریک حیات/ساتھی مرد ہیں یا عورت اور اس ملک کا نام بتائیں جس میں وہ فی الوقت رہائش پذیر ہیں

• اس کے بعد ان بچوں کی تعداد بتائیں جو آپ کے زیر کفالت ہیں اور ان کے پہلے، دوسرے نام، تاریخ پیدائش، جنس اور قومیت بتائیں۔

• براہ مہربانی واضح کریں کہ بچہ آپ کے پاسپورٹ پر سفر کرے گا یا اس کا علیحدہ پاسپورٹ بنوایا گیا ہے۔ ہر بچے کے لیے علیحدہ درخواست دینا ہو گی، چاہے ان کا نام آپ کے پاسپورٹ میں ہی شامل ہے۔ ہر درخواست کے لیے ویزا فیس بھی ادا کرنا ہو گی۔

• اگر آپ کے زیر کفالت بچوں کی تعداد 6 سے زائد ہے تو اضافی صفحہ پر تفصیل فراہم کریں اور اسے معاونتی دستاویزات میں شامل کر دیں۔

• Save and Continue بٹن پر کلک کریں

کئی کیٹگریز کی ویزا درخواستوں میں یہاں آپ اس آخری سوال پر پہنچ چکے ہوں گے جس میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا اس آن لائن درخواست کو مکمل کرنے کے لیے آپ نے کسی ایجنٹ/ایجنسی کی معاونت حاصل کی ہے یا نہیں۔
ویزا درخواستوں کی دوسری ایسی کٹگریز جیسے ملازمت اور تعلیم میں ان کیٹگریز سے مخصوص چند مزید سوالات ہیں جن کی نشاندہی اس دستاویز کے آخر میں کی گئی ہے۔

اس فارم میں معاونت

• اگر آن لائن درخواست مکمل کرنے میں کسی ایجنٹ/ایجنسی نے آپ کی مدد کی ہے تو آپ کو اس ایجنٹ کا نام اور اس ایجنسی کا نام اور پتہ اور دن کا ٹیلی فون نمبر بتانا ہو گا جس پر اس ایجنٹ سے رابطہ کیا جا سکے۔

بیان حلفی

تمام سوالات مکمل کرنے کے بعد آپ کو ایک بیان حلفی پیش کیا جائے گا جس کا مطالعہ آپ کو لازمی کرنا چاہیے۔ اگر آپ اس بیان کے مشمولات سے متفق ہوں تو تصدیق کے لیے ڈبے میں نشان لگا دیں۔ آپ کی معلومات کے لیے بیان کا متن دیا جا رہا ہے۔

درخواست دہندہ کی طرف سے بیان حلفی

اب آپ کو ذیل میں دیا گیا بیان حلفی پڑھ کر اس پر دستخط کرنا ہوں گے۔ لازمی ہے کہ درخواست دہندہ بذات خود اس پر دستخط کرے۔

18 سال سے کم عمر درخواست دہندہ کی جانب سے اس کے والدین یا قانونی طور پر مقرر نگران دستخط کرے۔

بیان حلفی

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے آئر لینڈ کے ویزا کے لیے درخواست دی ہے۔ درخواست میں دی گئی معلومات میرے بہترین علم کے مطابق درست اور مکمل ہیں۔ میں یہ بھی تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ اس فارم کے ہمراہ جمع کرائی گئی تصویر میری، درخواست دہندہ، کی ہے۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس درخواست کا فیصلہ ہونے سے قبل اگر میرے طبعی حالات میں تبدیلی آئی یا نئی متعلقہ معلومات دستیاب ہوئیں تو میں متعلقہ سفارت خانے/قونصل خانے/ویزا دفتر کو مطلع کروں گا/گی۔

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اس سے پہلے کہ میری درخواست پر کارروائی کا آغاز ہو، مجھے اپنی ذاتی معلومات کے ہمراہ بائیو میٹرک معلومات (انگلیوں کے نشان اور چہرے کی تصویر) جمع کرانا پڑ سکتی ہے اور یہ کہ یہ معلومات برطانیہ کے ہوم آفس یا کوئی بھی دیگر مجاز ادارہ مجھ سے محکمہ انصاف و مساوات کے Irish Naturalisation and

Immigration Service کے لیے جمع کرے گا۔ میں اس مرحلے اور ضرورت پڑنے پر بائیو میٹرک معلومات فراہم کرنے پر رضامندی ظاہر کرتا/کرتی ہوں۔

میں آگاہ ہوں کہ محکمہ انصاف و مساوات کا Irish Naturalisation and Immigration Service اس درخواست کے لیے فراہم کردہ ڈیٹا کنٹرول کرنے کا ذمہ دار ہے۔ میں رضامند ہوں کہ فراہم کردہ ذاتی ڈیٹا Irish Naturalisation and Immigration Service، محکمہ امور خارجہ و تجارت اور کوئی بھی دیگر دوسرا محکمہ آئرلینڈ اور اس کے شہریوں کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے، امیگریشن پر منصفانہ اور مؤثر کنٹرول رکھتے ہوئے، بشمول شناخت کی توثیق/تصدیق اور/یا امیگریشن کا ماضی/مجرمانہ ماضی کو پیش نظر رکھ کر اور Common Travel Area کو برقرار رکھنے اور مضبوط کرنے کے لیے ڈیٹا کے تحفظ سے متعلق اور دیگر آئرش قوانین کے تحت پراسیس کر سکتا ہے۔ میں رضامند ہوں کہ Irish Naturalisation and Immigration Service فراہم کردہ ذاتی ڈیٹا کو مذکورہ بالا مقاصد کے لیے اپنے پاس سنبھال کر رکھے۔ میں رضامند ہوں کہ برطانیہ کا ہوم آفس میری بائیو میٹرک اور/یا ذاتی معلومات کو Common Travel Area میں امیگریشن پر مؤثر اور منصفانہ کنٹرول قائم رکھنے کی غرض سے بنائے قوانین کے مطابق مزید پراسیس کرے۔

میں متفق ہوں کہ اس درخواست میں دیا گیا ڈیٹا، اور/یا وہ ڈیٹا جو مزید فراہم کیا گیا، بشمول بائیو میٹرک معلومات اور دیگر متعلقہ ڈیٹا بیس میں انجام دئیے گئے چیک سے حاصل ہونے والا ڈیٹا حکومت آئرلینڈ کے دیگر محکموں اور/یا اداروں پر افشاء کیا جا سکتا ہے بشمول آئرش پولیس اور اس کے ساتھ ساتھ یورپی یونین کی رکن ریاستوں/EEA اور/یا دیگر ریاستوں کے سرکاری حکام، تاکہ شناخت اور/یا مجرمانہ ماضی کی تصدیق و یوثیق کی جا سکے۔

میں سمجھتا ہوں کہ بائیومیٹرک اور ذاتی تفصیلات فراہم کرنے یا دستاویزات جمع کرانے کی غرض سے جب بھی میں مرکز میں جاوں گا/گی برقی آلات (سی سی ٹی وی) کے ذریعے میری ریکارڈنگ کی جائے گی اور یہ کہ ویزا درخواست کے مراحل کی شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے یہ ریکارڈنگ سنبھال کر رکھی جائے گی۔

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ ممکن ہے میری درخواست پر کارروائی شروع کرنے سے پہلے مزید معلومات درکار ہوں۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اگر سفارت خانہ/قونصل خانہ/ویزا دفتر مزید معلومات طلب کرے تو ایسا کرنے میں ناکامی کی صورت میں میری درخواست مسترد کی جا سکتی ہے۔

میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ کسی بھی قسم کی غلط معلومات فراہم کرنے یا جعلی معاونتی دستاویز فراہم کرنے پر میری درخواست نہ صرف مسترد کر دی جائے گی بلکہ اپیل کا حق بھی نہیں دیا جائے گا اور میں پانچ سال کے لیے ویزا درخواست دینے کے لیے نا اہل ہو سکتا/سکتی ہوں۔

میں یہ بھی سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اگر میں نے خود کو غلط طور پر بائیو میٹرک سے مستثنیٰ قرار دیا تو نہ صرف میری درخواست مسترد ہو سکتی ہے بلکہ مجھے اپیل کا حق بھی نہیں دیا جائے گا اور میں پانچ سال تک ویزا درخواست دینے کے لیے نااہل ہو سکتا/سکتی ہوں۔

میں اتفاق کرتا/کرتی ہوں کہ اس ویزا درخواست کے نتیجے تک برطانیہ کے ہوم آفس کو رسائی دی جا سکتی ہے تاکہ Common Travel Area کی شفافیت کو برقرار رکھا جا سکے۔

میں اس پر بھی اتفاق کرتا/کرتی ہوں کہ یہ درخواست فارم اور معاونتی دستاویزات، یا ان کی نقول کسی معقول ذریعے سے، جسے وصول کنندہ مناسب سمجھے، بشمول کمرشل کورئیر (سیل شدہ پیکج میں ڈال کر) یا دیگر ڈاک یا برقی ذرائع سے آئرلینڈ کے فیصلہ ساز حکام کو بھیجے گا۔

میں اتفاق کرتا/کرتی ہوں کہ محکمہ انصاف و مساوات کا Irish Naturalisation and Immigration Service پالیسی تحقیق اور/یا فیڈ بیک سروے کرنے کی غرض سے مجھ سے رابطہ کر سکتا ہے۔ فراہم کردہ اضافی معلومات صرف اسی مقصد کے لیے استعمال کی جائیں گی۔

میں اتفاق کرتا/کرتی ہوں کہ اس بیان حلفی میں جہاں کہیں، کسی بھی معاملے پر رضامندی کا اظہار کیا گیا ہے، اسے اس درخواست کے حوالے سے درکار تمام ضروری اجازت ناموں پر محیط سمجھا جائے گا۔

درخواست دہندہ / والدین یا قانونی سرپرست کے دستخط
(بشرطیکہ درخواست دہندہ 18 سال سے کم عمر ہے)

تاریخ

اس کے بعد آپ کو ایک سکرین دکھائی جائے گی جس پر آپ کی داخل کردہ تمام معلومات ہوں گی۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اس کا پرنٹ لے کر بغور مطالعہ کریں کہ کہیں کوئی غلطی نہ رہ جائے۔

اگر آپ اس مرحلے پر بھی معلومات میں کوئی تبدیلی کرنا چاہیں تو 'Back' بٹن دبا کر متعلقہ سوال تک جا سکتے ہیں۔

تبدیلی کرنے کے بعد آپ کو دوبارہ آخری سکرین پر آنے کے لیے Save and Continue بٹن پر کلک کرنا ہو گا۔ جب آپ مطمئن ہوجائیں کہ آپ کی تمام معلومات درست ہیں تو 'Submit' بٹن پر کلک کردیں۔

اس کے بعد 'View and Print Summary Sheet' (خلاصہ دیکھیں اور پرنٹ کریں) کے بٹن پر کلک کریں۔ اس میں آپ کی درخواست کے متعلق مختصر معلومات ہوں گی اور یہ بتایا جائے گا کہ آپ کو درخواست، متعلقہ فیس اور معاونتی دستاویزات کہاں جمع کرانا ہیں۔

اس خلاصے میں وہ بیان حلفی بھی شامل ہو گا جو آپ نے پہلے پڑھا ہے اور جس پر آپ کو لازمی دستخط کرنا ہیں۔

صرف درخواست دینے والا فرد خود ہی اس پر دستخط کرنے کا مجاز ہے۔ اگر درخواست دہندہ کی عمر 18 سال سے کم ہے تو والدین یا سرپرست بیان حلفی پر دستخط کر سکتے ہیں۔

براہ مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ اپنا نام اور درخواست کا ٹرانزیکشن نمبر اپنی تصویر کی پشت پر لکھیں۔ براہ مہربانی تصویر فارم کے ساتھ منسلک مت کریں۔ بہت ضروری ہے کہ آپ کی تصویر صفحہ نمبر 1 میں دی گئی شرائط پر پورا اترے کیونکہ اس شرائط کی پاسداری نہ کرنے والی تصاویر مسترد کر دی جائیں گی جس سے درخواست پر کارروائی میں تاخیر ہو گی۔

آئرلینڈ کے سفارت خانے/قونصل خانے/ویزا دفتر/ویزا درخواست مرکز میں دستاویزات جمع کرانا

درخواست کو آن لائن جمع کرانے کے بعد خلاصے پر خلاصے کی شیٹ پر دئیے گئے ویب سائٹ کے پتے پر ملاحظہ کریں کہ معاونتی دستاویزات، واجب الادا فیس اور قابل قبول طریقہ ادائیگی کے طریقے کون سے ہیں۔

آپ کا خلاصے کا صفحہ، متعلقہ فیس (یا جہاں آپ پر آن لائن ادائیگی لازم ہو وہاں اس کی وصولی کی تصدیقی رسید)، 2 تصویریں جو ہماری شرائط پر پورا اترتی ہوں، تمام معاونتی دستاویزات جو آپ کے درخواست کردہ ویزا کے لیے درکار ہوں، آئرلینڈ کے متعلقہ سفارت خانے/قونصل خانے/ویزا دفتر/ویزا درخواست مرکز میں بلاتاخیر جمع کرائی جائیں۔

اگر آپ ملازمت یا تعلیمی ویزا کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو ذیل میں دیکھیں

ملازمتی ویزا کی درخواست

اگر آپ آئرلینڈ میں کام کرنے کی غرض سے ویزا کی درخواست دے رہے ہیں تو آپ کو محکمہ روزگار، انٹرپرائز و جدت سے اجازت روزگار کے ذریعے اجازت لینا ہو گی یا Irish Naturalisation and Immigration Service کے تحت چلنے والے Atypical Working Scheme سے منظوری لینا ہو گی۔

اگر آپ نے آئرلینڈ کے سفر کے لیے 'ملازمت' کو بطور وجہ منتخب کیا ہے تو خاندان کے متعلق تفصیلات شامل کرنے کے بعد مزید سکرینیں آپ کے سامنے نمودار ہوں گی۔

- اب آپ کو اپنے Atypical Working Scheme کے لیے اپنے اجازت ملازمت / منظوری کا حوالہ نمبر داخل کرنا ہے۔

نوٹ: اگر آپ Van der Elst ویزا کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو آپ کو ملازمت کا اجازت نامہ نہیں دیا جائے گا۔ یہاں حوالہ نمبر کے لیے دئیے گئے خانے میں N/A داخل کریں۔

- اس کے بعد آپ کو اس کمپنی کا نام اور پتہ بتانا ہو گا جس کے لیے آپ کام کریں گے۔

- براہ مہربانی اس کمپنی کے کسی ایسے عہدیدار کا نام، ٹیلی فون نمبر، ای میل ایڈریس مہیا کریں جس سے ویزا افسر دن کے وقت کام کے اوقات میں رابطہ کرسکتے ہوں۔

- براہ مہربانی اب اپنی درخواست اور معاونتی دستاویزات کو حتمی شکل دینے اور جمع کرانے کے لیے ہدایات پر عمل کریں۔

تعلیمی ویزا کی درخواست

اگر آپ آئرلینڈ میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے ویزا کی درخواست دے رہے ہیں تو اس سے پہلے لازمی ہے کہ کسی تعلیمی کورس میں قبول کیے گئے ہوں - براہ مہربانی آئرلینڈ میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے مزید معلومات حاصل کرنے کی غرض سے www.inis.gov.ie ملاحظہ کریں اور یقینی بنائیں کہ آن لائن درخواست مکمل کرنے سے پہلے آپ تمام شرائط پر پورا اتر رہے ہیں۔

- آپ کو تصدیق کرنا ہو گی کہ آپ کو کسی تعلیمی کورس میں قبول کر لیا گیا ہے اور سکول/کالج کا نام، کورس کا نام اور اس کا دورانیہ بتانا ہو گا۔

- تصدیق کرنا ہو گی کہ آپ نے کالج کی مکمل فیس ادا کر دی ہیں

- ان گھنٹوں کی تعداد مہیا کریں جو ہر ہفتے دن کے وقت ٹیوشن میں صرف ہوں گے

- آپ کو بتانا ہو گا کہ آیا آپ نے پہلے کبھی آئرلینڈ میں تعلیم حاصل کی اگر آپ نے 'ہاں' میں جواب دیا تو مہیا کردہ خانے میں تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی ۔ کالج کا نام، کون سا کورس لیا گیا، کورس شروع اور ختم ہونے کی تاریخ۔

- اگلا سوال ہے 'کیا آپ انگریزی بولتے ہیں'۔ اگر آپ نے جواب میں 'ہاں' کہا تو آپ سے کہا جائے گا کہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ انگریزی زبان کی اہلیت کی تفصیلات بتائیں۔ انگریزی زبان کے حوالے سے ہماری شرائط جاننے کے لیے براہ مہربانی ہماری طالب علم کے لیے ویزا رہنمائی سے رجوع کریں۔

- اس کے بعد آپ کو اپنی تعلیمی قابلیتوں کی تفصیل بتانا ہو گی۔ اس میں دوسرے اور تیسرے درجے کی قابلیتیں شامل ہیں اور آپ کا سکول/کالج کا نام، تاریخ جس میں آپ نے یہ تعلیم حاصل کی اور یہ بتانا ہو گا کہ کون سی قابلیت حاصل کی۔

- آپ کے آخری تعلیمی کورس اور اس درخواست کے درمیان اگر کوئی خالی مدت ہے تو اس کا حساب آپ وہاں پر دئے گئے بکس میں دیں گے۔

- اگر آپ نے کبھی ملازمت کی ہے تو اس کی تفصیل مہیا کریں ۔ آجر کا نام، ملازمت کی تاریخ اور عہدہ

- اس کے بعد آپ کو بتانا ہو گا کہ آئرلینڈ میں رہتے ہوئے آپ کی مالی معاونت کون کرے گا ۔ کیا آپ اپنے اخراجات خود پورے کریں گے، کیا کوئی سپانسر آپ کی مدد کرے گا (جیسا کہ اہل خانہ)، کیا آپ کی حکومت آپ کے اخراجات اٹھائے گی یا کسی اور شکل میں مالی معاونت آپ کو حاصل ہے؟

اگر آپ نے 'سپانسر' کا انتخاب کیا تو اپنے مرکزی سپانسر کا نام، اس کا آپ سے رشتہ، ان کا پتہ اور فون نمبر مہیا کرنا ہو گا جس پر ویزا آفیسر ان سے دن کے وقت میں رابطہ کرسکیں۔

- اگر آپ کے ایک سے زائد سپانسر ہیں تو اضافی صفحہ پر وہی تفصیلات جیسے اوپر فراہم کریں اور اسے معاونتی دستاویزات میں شامل کر دیں

- اگر کوئی ایسی اور رقم ہے جس پر آپ ہماری توجہ دلانا چاہیں تو اس کی تفصیل دئیے گئے خانے میں داخل کریں۔

- براہ مہربانی اب اپنی درخواست اور معاونتی دستاویزات کو حتمی شکل دینے اور جمع کرانے کے لیے اوپر والے ہدایات پر عمل کریں۔

EUROTEXT
TRANSLATIONS
Unit 4, Adelphi House, Upper George's Street, Dun Laoghaire, Co Dublin, Ireland
Tel: + 353 1 7096400 Fax: + 353 1 2846132
Email: info@eurotexttranslations.com Web: www.eurotexttranslations.com

Dun Laoghaire, 26 September 2014

True and Accurate Certificate

I, Sophie Murphy, of Eurotext Translations, hereby certify that the Urdu translation of the English source file Declaration by Applicant.doc is substantially true and accurate.

Sophie Murphy
Production Manager
Eurotext Translations

Eurotext Translations Ltd. Reg. in Dublin No. 121501 VAT no. IE 4814444 L
Directors: John McSweeney, John Shine, Jennifer Walsh
Eurotext Translations - An ISO 9001:2008 and EN 15038:2006 certified Company